حکومت پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

☆☆☆☆

No. 1(75) R & S /2018　　　　　　اسلام آباد،17 اکتوبر،2018

سر کلر نمبر 05 بابت 2018

(انکم ٹیکس)

موضوع: **مختلف گوشوارے فارموں کی فائلنگ (کے ادخال) سے متعلق وضاحت**

تنخواہ دار ٹیکس دہندوں کو سہولت فراہم کرنے کی غرض سے ، ایف بی آر نے " تنخواہ" اور " دیگر ذرائع سے " آمدن حاصل کرنے والے اشخاص کے لیے علیحدہ اور آسان بنائے گئے انکم ٹیکس گوشوارہ فارم جاری کیا ہے جہاں تنخواہ سے آمدن کل آمدن کے 50 ٪ سے زائد ہو۔ انکم ٹیکس آرڈیننس ، 2001 کے مطابق، آمدن کی پانچ مدوں (heads) یعنی تنخواہ، کاروبار، گھریلو جائیداد (کرایہ داری آمدن)، سرمایہ کاری منافع جات اور دیگر ذرائع کے تحت درجہ بندی کی گئی ہے۔ علیحدہ گوشوارہ فارم صرف انھیں اشخاص کے لیے مختص ہے جو تنخواہ کی آمدن اور دیگر ذرائع سے مجموعی آمدن حاصل کر رہے ہیں جہاں تنخواہ کل آمدن کا 50 ٪ سے زائد ہو۔ دیگر ذرائع سے آمدن، آمدن کا ماباقی (بقیہ) مد (head) ہے اور اس میں قرض پر اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 139 میں مذکور مختلف دیگر کیٹیگریوں پر منافع (سودی آمدن) شامل ہے جو آمدن کی کسی دیگر مد (head) میں شامل نہیں۔ اس طرح تنخواہ اور " دیگر ذرائع سے آمدن " کی مد (head) کے تحت " دیگر ذرائع سے آمدن " (جہاں کل آمدن کا 50 ٪ سے زائد تنخواہ ہو) کے گوشوارے میں " قرض پر منافع " اور " دیگر موصولیوں " کے تحت دفعہ 39 میں صراحت کردہ بقیہ کیٹیگریاں مذکور ہوں۔ تاہم یہ پیش نظر رہے کہ تنخواہ کے علاوہ کاروبار، گھر پر مشتمل جائیداد (کرایہ داری آمدن) اور سرمایہ کاری منافع جات سے آمدن حاصل کرنے والے اشخاص کو اصل گوشوارہ فارم پر اظہار نامہ فائل (داخل) کرنا ہو گا، تنخواہ اور دیگر ذرائع سے آمدن کے لیے مختص فارم پر نہیں ہو گا، لہذا جو شخص تنخواہ کی آمدن کے ساتھ ساتھ کاروباری آمدن، گھر پر مشتمل جائیداد یا سرمایہ جاتی منافع جات سے کم از کم حصہ حاصل کرنے والے کو تمام مدوں کی آمدن پر مشتمل اصل گوشوارہ فارم فائل (داخل) کرنے کی ضرورت ہو گی نہ کہ تنخواہ اور دیگر ذرائع کے لیے آسان بنائے گئے فارم پر جہاں تنخواہ کی کل آمدن کا 50 ٪ سے زائد ہو۔ خدمات فراہم کرنے سے حاصل آمدن "کاروبار سے آمدن" کی مد کی ذیل میں آتی ہے، پس کسی تنخواہ دار شخص کو جو خدمات سے آمدن حاصل کر رہا ہو اصل گوشوارہ فارم فائل (داخل) کرنا ہو گا نہ کہ تنخواہ دار افراد کے لیے آسان بنایا گیا گوشوارہ فارم۔ اس کی وجہ یہ کہ تنخواہ دار افراد کے لیے علیحدہ آسان بنایا گیا فارم خدمات وصولیاں ظاہر کرنے کے مقصد کے لیے نہیں ہے جو "کاروبار سے آمدن" کی مد کے ذیل میں آتی ہیں۔

2۔ اصل گوشوارہ فارم آمدن کی تمام مدوں پر مشتمل ہوتا ہے لہذا تنخواہ کی آمدن اور خدمات وصولیاں (کاروباری آمدن) حاصل کرنے والے پیشہ ور فرد کو اصل گوشوارہ فارم پر اظہارنامہ فائل کرنا چاہیے جو آمدن کی تمام مدوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس کی درج ذیل جدول کے ذریعے وضاحت کی جاتی ہے:-

آمدن کی مدیں	متعلقہ گوشوارہ فارم
صرف "تنخواہ" سے آمدن	تنخواہ اور دیگر ذرائع سے آمدن حاصل کرنے والے اشخاص کے لیے آسان بنایا گیا فارم جہاں تنخواہ کی آمدن کل آمدن کے 50٪ سے زائد ہو
"تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن، جہاں تنخواہ کل آمدن کا 50٪ سے زائد ہو	تنخواہ اور دیگر ذرائع سے آمدن حاصل کرنے والے اشخاص کے لیے آسان بنایا گیا فارم جہاں تنخواہ کی آمدن کل آمدن کے 50٪ سے زائد ہو
"تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن، جہاں تنخواہ کل آمدن کا 50٪ سے کم ہو	اصل گوشوارہ فارم
"تنخواہ سے آمدن" اور خدمات سے وصولیاں یعنی "کاروبار سے آمدن"	(تمام مدوں پر مشتمل) اصل گوشوارہ فارم کیونکہ خدمات سے وصولیاں "کاروبار سے آمدن" کی ذیل میں آتی ہیں جو "تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن حاصل کرنے والے اشخاص اور تنخواہ کل آمدن کے 50٪ سے زائد ہو، کے لیے گوشوارہ فارم میں شامل نہیں
تنخواہ اور خدمات سے وصولیاں یعنی "کاروبار سے آمدن" جہاں تنخواہ کل آمدن کا 50٪ سے زائد ہو	(تمام مدوں پر مشتمل) اصل گوشوارہ فارم کیونکہ خدمات سے وصولیاں "کاروبار سے آمدن" کی ذیل میں آتی ہیں جو "تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن حاصل کرنے والے اشخاص اور تنخواہ کل آمدن کے 50٪ سے زائد ہو، کے لیے گوشوارہ فارم میں شامل نہیں
"تنخواہ" اور "گھر پر مشتمل جائیداد" سے آمدن	(تمام مدوں پر مشتمل) اصل گوشوارہ فارم کیونکہ گھر پر مشتمل جائیداد سے آمدن "کاروبار سے آمدن" کی ذیل میں آتی ہیں جو "تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن حاصل کرنے والے اشخاص اور تنخواہ کل آمدن کے 50٪ سے زائد ہو، کے لیے گوشوارہ فارم میں شامل نہیں
"تنخواہ" اور "سرمایہ کاری منافع جات" سے آمدن	(تمام مدوں پر مشتمل) اصل گوشوارہ فارم کیونکہ سرمایہ کاری سے آمدن "کاروبار سے آمدن" کی ذیل میں آتی ہیں جو "تنخواہ" اور "دیگر ذرائع سے" آمدن حاصل کرنے والے اشخاص اور تنخواہ کل آمدن کے

	50٪ سے زائد ہو، کے لیے گوشوارہ فارم میں شامل نہیں

دستخط شدہ

(اعجاز حسین)

سیکریٹری(Rules & SROs)